بلوچستان کا مقبول روزنامہ
روزنامہ
DAILY
SABA-Quetta
کوئٹہ
صباء
ایڈیٹر غضنفر علی
ABC CERTIFIED
PHONE: 0814170013
EMAIL: sabanewsqta@gmail.com
جلد نمبر 22 | ہفتہ 19 ستمبر 2026 | 06 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 184

سعودی عرب کا دفاع کرنے کیلئے پاکستان کسی بھی حد تک جائے گا، آئی ایس پی آر

حرمین شریفین کی حفاظت کے حوالے سے پاکستانی عزم غیر متزلزل ہے۔ سعودی عرب کی سلامتی کے تحفظ کے لیے پاکستان ہر سطح پر تعاون جاری رکھے گا اور کسی بھی جارحانہ اقدام کے خلاف سعودی بھائیوں کے شانہ بشانہ کھڑا رہے گا

دفاعی وعدوں پر عمل درآمد کے طریقہ کار کو کبھی بھی عوامی سطح پر ظاہر نہیں کیا جاتا، کسی حملے کا ردعمل کیا ہوگا، تینوں ممالک لائحہ عمل طے کریں گے اور اسی کے مطابق اس پر عمل درآمد کریں گے۔ کسی معاہدے پر کسی کو کوئی اعتراض نہیں، سب سمجھتے ہیں کہ یہ اقدام دفاعی نوعیت کا ہے

راولپنڈی (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ سعودی عرب کا دفاع کرنے کے لیے پاکستان کسی بھی حد تک جائے گا سعودی عرب کی سیکیورٹی کے

بقیہ 1 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

جنگ ستمبر کا 18واں روز، پاک فوج کا مزید علاقوں پر قبضہ، بھارت کو بھاری نقصان

دشمن بھارت کے اب تک 453 ٹینک اور 106 جنگی طیارے تباہ جبکہ 18 ٹینک پاکستان کے قبضے میں آ چکے تھے

اسلام آباد (این این آئی) ستمبر 1965 کی جنگ کے 18 روز تک بھارت پاکستانی افواج کے ہاتھوں اپنی جارحیت کے نتیجے میں بھاری نقصان اٹھا

بقیہ 2 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیر توانائی سے ترکیہ کے سفیر کی ملاقات

توانائی کے شعبے میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں ترکیہ کے

بقیہ 3 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

لندن، وفاقی وزیر خزانہ اورنگزیب جی پی مارگن ایمرجنگ اینڈ فرنٹیئر مارکیٹس سے ملاقات کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا میں جھڑپیں، 6 جوان شہید، 10 خوارج ہلاک

ملک سے غیر ملکی سرپرستی میں ہونیوالی دہشتگردی کے خاتمے کیلئے کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری رہیں گی، آئی ایس پی آر

شہدا کی عظیم قربانیاں قوم کیلئے مشعل راہ ہیں، ان کا لہو رائیگاں نہیں جائیگا، صدر، وزیراعظم کا سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

بقیہ 6 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

تحریک تحفظ آئین پاکستان کا اجلاس، 27 ستمبر کے احتجاج اور کل جماعتی کانفرنس کیلئے رابطے تیز کرنے کا فیصلہ

آئین، پارلیمان اور صوبائی حقوق کے تحفظ کا عزم، سیاسی کارکنوں کی گرفتاریوں اور جبری گمشدگیوں پر تشویش کا اظہار

اسلام آباد (آن لائن) تحریک تحفظ آئین پاکستان کا اجلاس اتحاد کے سربراہ اور قائد حزب اختلاف محمود اچکزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں قائد حزب اختلاف سینیٹ علامہ ناصر عباس، پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر

بقیہ 4 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، صدر، وزیراعظم

شہداء کی عظیم قربانیاں قوم کے عزم اور حوصلے کو مزید مضبوط کرتی ہیں، پاکستان کے بہادر سپوت وطن کے دفاع اور امن کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں

وطن عزیز کے دفاع، امن اور سلامتی کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ہمارے بہادر سپوت پوری قوم کے ہیرو ہیں

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ شہداء کی عظیم قربانیاں قوم کیلئے مشعل راہ ہیں اور ان کا لہو رائیگاں نہیں جائے گا۔ اپنے بیان میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے خیبر پختونخوا میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

بقیہ 5 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

کوہاٹ پولیس لائنز میں نماز جمعہ کے دوران دھماکا

15 پولیس اہلکاروں سمیت 21 شہید، 6 دہشتگرد ہلاک

بعض حملہ آور انسداد دہشت گردی کے محکمے کی عمارت کی جانب بڑھنے کی کوشش کر رہے تھے، تاہم پولیس کی بروقت کارروائی کے نتیجے میں انہیں ہلاک کر دیا گیا۔ دیگر حملہ آور خصوصی شاخ کی عمارت کی جانب چلے گئے، جہاں بھی سکیورٹی فورسز نے کارروائی کی

زخمیوں میں بعض کی حالت تشویش ناک بھی بتائی گئی ہے۔ آئی جی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید نے واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ریجنل پولیس افسر کوہاٹ سے رپورٹ طلب کی۔ خیبر پختونخوا پولیس دہشت گردی کے خلاف اپنی کارروائیاں جاری رکھے گی اور شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی

کوہاٹ (آن لائن) خیبر پختونخوا کے شہر کوہاٹ میں واقع پولیس لائنز کے قریب نماز جمعہ کے دوران ہونے والے دہشت گرد حملے میں 21 افراد شہید جبکہ 57 سے زائد زخمی ہوگئے۔ سکیورٹی فورسز اور پولیس کی جوابی کارروائی میں 7 دہشت گرد ہلاک کیے گئے ہیں۔ تازہ شہداء میں 6 پولیس اہلکار اور 15 عام شہری شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق حملے کے دوران مجموعی طور پر 7 دہشت گردوں نے پولیس لائنز میں داخل ہونے کی کوشش کی۔ ایک خودکش حملہ آور نے بارود سے بھری گاڑی پولیس لائنز کے گیٹ سے ٹکرائی، جس کے نتیجے میں زوردار دھماکا ہوا، جبکہ دیگر حملہ آوروں نے کمپلیکس میں داخل ہونے کی کوشش کی۔ آئی جی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید کے مطابق بعض حملہ آور انسداد دہشت گردی کے محکمے کی عمارت کی جانب بڑھنے کی کوشش کر رہے تھے، تاہم پولیس کی بروقت کارروائی کے نتیجے میں انہیں ہلاک کر دیا گیا۔ دیگر حملہ آور

بقیہ 7 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

آئی ایم ایف کیساتھ چوتھے اقتصادی جائزے کیلئے مذاکرات اگلے ہفتے ہوں گے

حکومت اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات میں بجلی کی بنیادی قیمت میں ردوبدل بھی متوقع ہے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) حکومت اور عالمی مالیاتی ادارہ (آئی ایم ایف) کے درمیان چوتھے اقتصادی جائزے کے لیے مذاکرات آئندہ ہفتے ہوں گے، جس میں توانائی اصلاحات، ٹیکس اور بجلی، گیس کے گردشی قرض سیٹلمنٹ پلان پر بریفنگ دی جائے

بقیہ 25 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سلامتی کونسل میں پاکستان کا شام میں قومی استحکام کی پیش رفت کا خیر مقدم، اسرائیلی جارحیت کی شدید مذمت

شام نے بہت کم عرصے میں طویل فاصلے طے کیا ہے، ملک میں جاری سیاسی و معاشی تبدیلی کے عمل کی مکمل حمایت کرتے ہیں

نیویارک (آن لائن) پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں شام کی انسانی اور سیاسی صورتحال پر بریفنگ کے دوران شام میں قومی استحکام کی جانب ہونے والی پیش رفت کا مکمل خیر مقدم کیا ہے اور ملک کی خودمختاری کی خلاف ورزیوں پر سخت تشویش کا

بقیہ 12 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

چین کی سلامتی کونسل میں ایران پر پابندیاں بحال کرنے کی کوشش کی مخالفت

عالمی برادری اور سلامتی کونسل فریقین کو سمجھائے تاکہ خطے میں جاری کشیدگی کو کم کیا جاسکے، فو چھونگ

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ میں چین کے مستقل نمائندے فو چھونگ نے سلامتی کونسل کی ایران پر پابندیوں سے متعلق کمیٹی کے ماہرین کے گروپ کے مینڈیٹ میں توسیع کی قرارداد کے مسودے پر ووٹنگ کے بعد خطاب کرتے ہوئے کہا

بقیہ 15 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سعودی عرب کو جدید ایف 35 جنگی طیارے دینے کی راہ ہموار، امریکا نے منظوری دیدی

مجوزہ فروخت سعودی عرب کی دفاعی صلاحیت اور امریکی، اتحادی افواج کے ساتھ باہمی تعاون کو بہتر بنائے گی، بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے سعودی عرب کو 48 جدید F-35 اسٹیلتھ جنگی طیارے فروخت کرنے کی ممکنہ منظوری دے دی مجوزہ دفاعی معاہدے کی مالیت 24.3 ارب ڈالر ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کے مطابق پیکیج میں 48 ایف

بقیہ 13 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

چین، آسیان فری ٹریڈ زون دونوں فریقوں کے ہم نصیب معاشرے کی تعمیر کا اہم ذریعہ ہے، چینی نائب وزیراعظم

فری ٹریڈ زون 3.0 کے اپ گریڈ پروٹوکول کے نافذ العمل ہونے کے بعد علاقائی اقتصادی ترقی میں مسلسل نئی توانائی پیدا ہوگی، گفتگو

بیجنگ (این این آئی) چین کے نائب وزیراعظم ڈنگ شوئے شیانگ نے چین کے نان ننگ شہر میں منعقدہ 23ویں چین۔ آسیان ایکسپو میں شرکت کی اور خطاب کیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ڈنگ شوئے شیانگ نے کہا کہ چین۔ آسیان فری

بقیہ 14 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ٹرمپ انتظامیہ نے ایرانی صدر، وزیر خارجہ کو امریکا کا ویزا دیدیا

واشنگٹن (این این آئی) ٹرمپ انتظامیہ نے ایران کے صدر مسعود پزشکیان اور وزیر خارجہ عباس عراقچی

بقیہ 9 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

مرکزی صدر اے این پی سینیٹر ایمل ولی خان کی کوہاٹ پولیس لائن مسجد دھماکے کی مذمت

کوہاٹ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سینیٹر ایمل ولی خان نے کوہاٹ پولیس لائن مسجد میں ہونے والے دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ 15 افراد کی شہادت ریاستی مشینری کی ناکامی کا ثبوت ہے۔ دھماکے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرکزی صدر ایمل ولی خان کا کہنا تھا

بقیہ 11 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سینیٹ کی اطلاعات و نشریات کمیٹی نے براڈ کاسٹنگ کارپوریشن ترمیمی بل حکومتی مخالفت کے باوجود منظور کرلیا

کچھ سرکاری ادارے مسلسل نقصان میں چل رہے ہیں اور ان کی کارکردگی اطمینان بخش نہیں، سینیٹر عبدالقادر

اسلام آباد (آن لائن) سینیٹ کی اطلاعات و نشریات کمیٹی نے براڈ کاسٹنگ کارپوریشن ترمیمی بل حکومتی مخالفت کے باوجود منظور کرلیا۔ اجلاس کنوینر سینیٹر سرمد علی کی زیر صدارت جمعرات کو منعقد ہوا، اجلاس میں براڈ کاسٹنگ کارپوریشن ترمیمی بل 2025 پر تفصیلی غور کیا گیا۔ کمیٹی نے

بقیہ 8 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم کا پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر تاریخ کی بلند ترین سطح 21.4 ارب ڈالر تک پہنچنے پر اظہار تشکر

ملک کے مجموعی زرمبادلہ کے ذخائر 21 ارب ڈالر تک پہنچنا معاشی ٹیم کی دن رات محنت اور درست سمت میں کیے گئے اقدامات کا ثبوت ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر 21.4 ارب ڈالر کی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچنے پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے اسے معاشی استحکام کی جانب ایک اور تاریخی سنگ میل قرار دیا ہے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی جانب سے جمعہ کو جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ ملک کے مجموعی زرمبادلہ کے ذخائر 21.4 ارب ڈالر تک پہنچنا

بقیہ 10 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

شہداء کی قربانیاں دہشتگردی کیخلاف قومی عزم اور حوصلے کو تقویت دیتی ہیں

فتنہ الخوارج کیخلاف کامیاب کارروائیاں سکیورٹی فورسز کے عزم اور پیشہ ورانہ مہارت کی عکاس ہیں، سردار ایاز صادق

سکیورٹی فورسز کے بہادر جوان ملک کے امن اور سلامتی کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں۔ پوری قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ جمعہ کو بیان میں انہوں نے کہا کہ فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائیاں سکیورٹی فورسز کے عزم اور پیشہ ورانہ مہارت کی عکاس ہیں۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے دہشتگردوں کے خلاف

بقیہ 26 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسحاق ڈار سے ترک سفیر کی ملاقات، باہمی روابط اور تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ

مسائل کے حل اور خطے میں دیرپا امن، استحکام اور خوشحالی کے حصول کیلئے مذاکرات اور سفارت کاری ہی واحد قابل عمل راستہ ہیں، نائب وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے ترکیہ کے ساتھ روابط اور تعاون کو مزید وسعت دینے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ جمعہ کو دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار

بقیہ 27 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ایران پر محاصرہ مسلط کیے جانے کے بعد سے ہم نے 104 بحری جہاز واپس کیے، سینٹ کام

یہ اقدامات ایران پر نافذ کردہ محاصرے کی سخت پابندی کو یقینی بنانے کے لیے اٹھائے گئے، بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی سینٹرل کمانڈ سینٹ کام نے اعلان کیا ہے کہ امریکی فوج نے گذشتہ جولائی میں ایران پر دوبارہ محاصرہ مسلط کیے جانے سے لے کر 17 ستمبر تک 104 تجارتی بحری جہازوں کا رخ موڑا۔ سینٹ کام کے بیان کے

بقیہ 28 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سرمایہ کاری اور خودمختار بحالی وسیع تر سرمایہ تشکیل کی جانب بڑھ رہا ہے، وزیر خزانہ

مالیاتی استحکام، بیرونی شعبے کے استحکام، مہنگائی، قرضوں کے انتظام اور عالمی مالیاتی منڈیوں تک دوبارہ رسائی کے شعبوں میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے

مالیاتی استحکام کے ساتھ یہ اقدامات مجموعی خودمختار مالیاتی پوزیشن کو مضبوط بنا رہے ہیں اور پاکستان کے معاشی مستقبل پر اعتماد میں اضافہ کر رہے ہیں، سینیٹر اورنگزیب کا تقریب سے خطاب

لندن (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان استحکام سے سرمایہ کاری اور خودمختار بحالی سے وسیع تر سرمایہ تشکیل کی جانب بڑھ رہا ہے، مالیاتی استحکام، بیرونی شعبے کے استحکام، مہنگائی، قرضوں کے انتظام اور عالمی مالیاتی منڈیوں تک دوبارہ رسائی کے شعبوں میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے، مالیاتی استحکام کے ساتھ یہ اقدامات مجموعی خودمختار مالیاتی پوزیشن کو مضبوط بنا رہے ہیں اور پاکستان کے معاشی مستقبل پر اعتماد میں اضافہ کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے جے پی مورگن کی ایمرجنگ اینڈ فرنٹیئر مارکیٹس مواقع کانفرنس میں منعقدہ خصوصی نشست سے خطاب کیا، جس میں پاکستان کی معیشت کو درپیش بیرونی معاشی و مائیکرو اکنامک استحکام اور مستقبل کی معاشی حکمت عملی پر

بقیہ 16 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کیخلاف درخواست پر تفصیلی فیصلہ جاری

اسلام آباد کے شہریوں کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی آئین کی خلاف ورزی تصور ہوگی، عدالت عالیہ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے 27 ستمبر کو پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کے خلاف درخواست پر تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ اسلام آباد کے شہریوں کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی آئین کی خلاف ورزی تصور

بقیہ 29 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال ڈیجیٹل ڈیزائن اینڈ ویریفکیشن ٹریننگ پروگرام کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

وزیراعظم کا دورہ امریکہ، چیف الیکشن کمشنر اور کمیشن کے ممبران کے حوالے سے اپوزیشن لیڈر اور وزیراعظم کے مابین ملاقات نہ ہو سکی

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم کا دورہ امریکہ۔ چیف الیکشن کمشنر اور کمیشن کے دو ممبران کے

بقیہ 22 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات، مہنگائی میں 0.49 فیصد اضافہ

19 کی قیمتوں میں اضافہ، 9 میں کمی 23 کی قیمتیں مستحکم رہیں، ادارہ شماریات کی ہفتہ وار رپورٹ

لاہور (این این آئی) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات سامنے آنے لگے، ایک ہفتے کے دوران مہنگائی کی شرح میں 0.49 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ وفاقی ادارہ شماریات کے مطابق 19 کی قیمتوں میں اضافہ، 9 میں کمی جبکہ

بقیہ 17 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سعودی عرب پر حملے اماراتی سلامتی و خوشحالی کیلئے خطرہ ہیں، مشیر اماراتی صدر

دبئی (این این آئی) متحدہ عرب امارات کے صدر کے سفارتی مشیر ڈاکٹر انور قرقاش نے کہا ہے کہ سعودی عرب پر حملے ہماری سلامتی اور خوشحالی کے لیے خطرہ ہیں۔ دبئی میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ جنگ اور کشیدگی جاری رہنے کی صورت میں خطے کا مستقبل تعمیر نہیں کیا جا سکتا۔ ڈاکٹر انور قرقاش کا کہنا تھا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ بحران ختم کرنے کے لیے

بقیہ 24 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

صوبائی وزیر داخلہ ضیاء اللہ لانگو ایوارڈ دے رہے ہیں

یونیسکو فورم کے وزارتی بیان میں مصنوعی ذہانت کی حکمرانی کیلئے عالمی تعاون بڑھانے پر زور

مصنوعی ذہانت کی اخلاقی اور پائیدار ترقی اسے عام کرنے اور استعمال کے لیے عالمی تعاون بڑھانے کی ضرورت ہے، اعلامیہ

ریاض (این این آئی) مصنوعی ذہانت کی اخلاقیات سے متعلق یونیسکو عالمی فورم کے چوتھے ایڈیشن کے وزارتی اعلامیہ میں مصنوعی ذہانت کے مواقع اور چیلنجوں کے پیش نظر اس کی ترقی اور استعمال میں عالمی تعاون مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا

بقیہ 23 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد ہائیکورٹ کے فیصلے کی خلاف ورزی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، محسن نقوی

احتجاج کرنا ہر شہری کا حق ہے مگر شاہراہیں بند کرنے یا عوام کو مشکلات میں ڈالنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی: وفاقی وزیر داخلہ

کوئی کسی غلط فہمی میں نہ رہے ایک طرف گولی چلے اور دوسری طرف خاموشی ہو ایسا ہرگز نہیں ہوگا، پریس کانفرنس

اسلام آباد (آن لائن) وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ اسلام آباد ہائیکورٹ کا تفصیلی فیصلہ آچکا، اب وفاقی دارالحکومت پر دھاوا نہیں بولا جاسکتا۔ کسی نے ایسا کیا تو توہین عدالت کی کارروائی کی طرف جائیں گے۔ کوئی کسی غلط فہمی میں نہ رہے ایک طرف گولی چلے اور دوسری طرف خاموشی ہو ایسا ہرگز نہیں ہوگا۔ وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اسلام

بقیہ 41 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

صدر آصف علی زرداری کی نیپال کو یوم دستور اور قومی دن پر مبارکباد

پاکستان اور نیپال کے درمیان دوستانہ تعلقات دونوں ممالک اور عوام کے باہمی مفاد میں آئندہ برسوں میں مزید گہرے اور وسعت پذیر ہوں گے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے نیپال کی حکومت اور عوام کو نیپال کے قومی دن اور یوم دستور کے موقع پر مبارکباد پیش کی ہے۔ جمعہ کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق نیپال کے صدر رام چندر

بقیہ 42 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بھارت کا سندھ طاس معاہدے سے انکار ناقابل فہم ہے، شیری رحمن

سندھ طاس معاہدے میں یک طرفہ معطلی یا اسے غیر فعال قرار دینے کی کوئی شق موجود نہیں، نائب صدر پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی نائب صدر سینیٹر شیری رحمن نے کہا ہے کہ بھارت کا سندھ طاس معاہدے سے انکار ناقابل فہم ہے۔ روسی ٹی وی چینل کو انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ سندھ طاس معاہدہ سرحد پار پانی کی تقسیم کیلئے

بقیہ 43 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

آلودہ ترین ممالک میں پاکستان پہلے نمبر پر

پاکستان میں سالانہ اوسط پی ایم 2.5 کی سطح 67.3 مائیکروگرام فی مکعب میٹر ریکارڈ، عالمی ادارہ صحت کی حد سے 13 گنا زائد

کراچی (این این آئی) سوئس فضائی معیار مانیٹرنگ ادارے آئی کیو ایئر کی 2025 کی عالمی رپورٹ کے مطابق پاکستان سالانہ اوسط پی ایم 2.5 کی بنیاد پر دنیا کا آلودہ ترین ملک رہا، جہاں آلودگی کی اوسط سطح 67.3 مائیکروگرام فی مکعب میٹر ریکارڈ کی

بقیہ 40 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ڈاکٹر مالک کی امریکہ میں قانون پر مبنی نظام ہونا شروع ہوا ہے، مکین، طلبا اور یونیورسٹیوں کو نئے مواقع پیدا کریگا، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ تیزی سے بدلتے ہوئے رجحانات کو مدنظر رکھتے ہوئے یونیورسٹی میں آرٹیفیشل انٹیلیجنس، میڈیکل لیب ٹیکنالوجی، ہیومن نیوٹریشن اینڈ ڈائٹیٹکس سمیت جدید اور مارکیٹ ڈریون مضامین متعارف کرائے جا رہے ہیں جن سے طالبات کو جدید سائنسی علوم اور ٹیکنالوجیکل مہارتوں سے آراستہ کرنا ہے تاکہ وہ

بقیہ 39 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پی ٹی آئی کیساتھ رابطے ہیں، حکومت نے حالات پیدا کیے تو سب اکٹھے ہو سکتے ہیں، لیاقت بلوچ

محسن نقوی بہت اہمیت رکھتے ہیں، ہم چاہیں گے وہ اس معاملے میں اپنا کردار ادا کریں، نائب امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ دیگر سیاسی جماعتوں کے ساتھ رابطے ہیں اور حافظ نعیم الرحمان نے تمام جماعتوں کو احتجاج میں شرکت کی دعوت بھی دی ہے تاہم پی ٹی آئی سے ہماری تمام تر توجہ 20 ستمبر کے

بقیہ 36 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سپریم کورٹ آف پاکستان کی سیول کانفرنس میں شرکت، جنوبی کوریا سے عدالتی تعاون کے معاہدے پر اتفاق

سیول میں ترکیہ، ملائیشیا، سنگاپور اور جنوبی کوریا کی عدالتی قیادت سے دو طرفہ ملاقاتیں، مفاہمتی یادداشت پر دستخط متوقع

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ آف پاکستان نے ایشیا و بحرالکاہل کے چیف جسٹس صاحبان کی 20ویں کانفرنس میں شرکت کی، جہاں جنوبی کوریا کے دارالحکومت سیول میں جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے سپریم کورٹ آف پاکستان کی نمائندگی کی۔ کانفرنس میں ایشیا و بحرالکاہل کے ممالک کی اعلیٰ عدالتی قیادت نے شرکت کی اور عدلیہ کے بدلتے

بقیہ 37 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

باب المندب میں کشیدگی بڑھ گئی، اٹلی نے جنگی بحری جہاز بھیجنے کا اعلان کر دیا

باب المندب سے بحری آمد و رفت مکمل طور پر متاثر ہوگئی تو اس کے عالمی معیشت پر سنگین اقتصادی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں، اطالوی وزیر دفاع

روم (این این آئی) اٹلی نے بحیرہ احمر کے اہم بحری راستے باب المندب سے گزرنے والے تجارتی جہازوں کے تحفظ کے لیے جنگی بحری جہاز بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق اٹلی کے وزیر دفاع گائیڈو کروسیتو نے کہا کہ انہوں نے یورپی یونین کے مشترکہ فیصلے کا انتظار کیے بغیر تجارتی بحری جہازوں کی حفاظت کے لیے اپنے جنگی جہاز تعینات کرنے

بقیہ 38 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم سے مقامی حکومتوں کو مالی اختیارات دینے کا مطالبہ، ایم کیو ایم نے خط لکھ دیا

اسلام آباد / کراچی (این این آئی) ایم کیو ایم پاکستان نے وزیراعظم شہباز شریف کو مقامی حکومتوں کو مالی اختیارات دینے کے مطالبہ کا خط لکھ دیا۔ خط متحدہ قومی موومنٹ کی رہنما نسرین جلیل کی جانب سے لکھا گیا ہے۔ خط کی کاپی وفاقی وزیر خزانہ، آئی ایم ایف سربراہ اور ورلڈ بینک صدر کو بھی ارسال کی گئی ہے۔ وزیراعظم سے مقامی حکومتوں کی مالی خودمختاری کے معاملے پر ذاتی توجہ دینے کا مطالبہ کیا گیا اور زور

بقیہ 34 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

محمود عباس اقوام متحدہ سے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے خطاب کریں گے، فلسطینی صدارت

غزہ (این این آئی) فلسطینی صدارت نے کہا ہے کہ فلسطینی صدر محمود عباس اگلے ہفتے نیو یارک میں ہونے والے اجلاس میں شرکت کے لیے امریکی وزارت خارجہ کی جانب سے مسلسل دوسرے سال ویزا نہ دیے جانے کے فیصلے کے بعد اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے خطاب کریں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فلسطینی وزارت خارجہ نے اس بات پر زور دیا کہ ویزا

بقیہ 33 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

زرمبادلہ کے بلند ترین ذخائر ملک کی بیرونی مالی پوزیشن میں نمایاں بہتری کی عکاسی ہے، خرم شہزاد

2023 کے مشکل حالات کے مقابلے میں زرمبادلہ کی موجودہ سطح میں کئی گنا اضافہ ہوا ہے، مشیر وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئے ہیں جو ملک کی بیرونی مالی پوزیشن میں نمایاں بہتری کی عکاسی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں خرم شہزاد نے کہا کہ سٹیٹ بینک آف پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر 11 ستمبر 2026

بقیہ 30 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

خالد حسین مگسی کی کوہاٹ میں دھماکے کی شدید مذمت

دہشتگردی کے ذریعے ملک کے امن کو تباہ کرنے کی کوششیں ناکام ہوں گی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی خالد حسین مگسی نے کوہاٹ میں پرانی پولیس لائنز کے قریب ہونے والے دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے ذریعے ملک کے امن کو تباہ کرنے کی کوششیں ناکام ہوں گی۔ اپنے ایک بیان

بقیہ 31 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سعودی قیادت میں یمنی فورسز کا انصار اللہ کے 60 جنگجوؤں کو ہلاک کرنے کا دعویٰ

یمنی فورسز نے مغربی یمن کے ضلع الوازعیہ میں حوثیوں کی متعدد گاڑیوں کو بھی نشانہ بنایا، رپورٹ

ریاض (این این آئی) سعودی قیادت میں یمنی فورسز نے 24 گھنٹوں کے دوران انصار اللہ کے 60 جنگجوؤں کو ہلاک اور 60 کو زخمی کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ ترک خبر ایجنسی کے مطابق یمنی فورسز نے مغربی یمن کے ضلع الوازعیہ میں فضائی کارروائیوں کے دوران حوثیوں کی متعدد گاڑیوں کو بھی نشانہ بنایا جس سے انہیں نقصان پہنچا۔ علاوہ ازیں سعودی

بقیہ 32 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

حکومت ہماری تجاویز مان لے تو خزانہ کو تین سے چار ہزار ارب کا فائدہ ہوگا، حافظ نعیم الرحمن

سود ختم اور آئی پی پیز کو ادائیگیاں بند کی جائیں، حکمران عیاشیاں ختم کریں 20 ستمبر کو ملکی تاریخ کے سب سے بڑے پرامن مارچ کا آغاز ہوگا

آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کو زیادہ منافع کیوں دیا جا رہا ہے جبکہ عوام مہنگائی کا بوجھ برداشت کر رہے ہیں، امیر جماعت اسلامی پاکستان

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ حکومت ہماری تجاویز مان لے تو قومی خزانہ کو تین سے چار ہزار ارب کا فائدہ ہوگا، جنگی حالات کے دوران پاکستان میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بھارت اور بنگلہ دیش کے مقابلہ میں کئی گنا زیادہ بڑھائی گئیں، مہنگائی اور لوٹ مار نے عوام کو عذاب میں مبتلا کر دیا ہے، ہم ستمبر کو ملک کی تاریخ کے سب سے بڑے لانگ مارچ کا آغاز ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ نائب امیر میاں محمد اسلم، ڈپٹی سیکرٹری

بقیہ 44 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم کی قیادت میں پارٹی کا وفد ملاقات کر رہا ہے

بلوچستان میں پائیدار ترقی اور عوامی فلاح کیلئے مختلف شعبوں میں تعاون کا فروغ ضروری ہے، وزیر داخلہ

حکومت، متعلقہ اداروں اور سول سوسائٹی کے درمیان مؤثر رابطہ، باہمی تعاون اور مشترکہ کاوشیں صوبے میں مثبت، دیرپا اور پائیدار اقدامات کیلئے اہم کردار ادا کر سکتی ہیں

متعلقہ اداروں کے درمیان روابط کو مزید مضبوط بنانے اور مشترکہ حکمت عملی کے ذریعے عوامی مسائل کے مؤثر حل کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سینٹر آف ایکسیلنس، محکمہ داخلہ بلوچستان اور پاکستان پارلیمنٹری ایجوکیشن فنڈ (PPAF) کے اشتراک سے کوئٹہ کے ایک مقامی ہوٹل میں ایک اہم راؤنڈ ٹیبل کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس کے مہمان خصوصی صوبائی وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو اور وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب کچھی تھے، جبکہ حکومت بلوچستان کے مختلف محکموں کے افسران، متعلقہ اداروں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ راؤنڈ ٹیبل کانفرنس میں بلوچستان کو درپیش مختلف اہم امور، باہمی تعاون، اداروں کے

بقیہ 35 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

Daily SABA Quetta

صفحہ نمبر 04

روزنامہ صباء کوئٹہ

خواتین کی معاشی خودمختاری کے بغیر پائیدار ترقی ممکن نہیں، غزالہ گولہ

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سینئر صحافی نصیر احمد کاکڑ پر مبینہ تشدد، آزادی صحافت پر حملہ ہے

حب: پولیس مقابلے میں 12 مقدمات میں مطلوب ڈکیت ہلاک

سعودی عرب کی سلامتی پر حملہ پوری امت مسلمہ پر حملہ ہے، صدیق مدنی

گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل سے پارلیمانی سیکرٹری محمد خان لہڑی اور سردار عمران بنگلزئی ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان، ڈنمارک کا تجارت، آئی ٹی، توانائی تعاون بڑھانے پر اتفاق

حب پولیس کی کارروائی، پولیس مقابلے میں مطلوب ملزم ہلاک، ترجمان پولیس

ایران جنگ سے متعلق بڑا فیصلہ کرنے والا ہوں، ٹرمپ

میونسپل کمیٹی کے سینکڑوں ملازمین ماہانہ تنخواہوں سے محروم، مشکلات کا سامنا

دشت، سینئر صحافی نصیر احمد کاکڑ پر مبینہ تشدد ناقابل قبول ہے، بولانی نیوز

سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے گیس صارفین کی مشکلات میں اضافہ کر دیا

سینئر صحافی نصیر احمد کاکڑ پر مبینہ تشدد انتہائی قابل مذمت ہے، فرید احمد بلوچ

لاک ڈاؤن کسی صورت قبول نہیں، تاجروں پر پابندیاں ناقابل برداشت ہیں، کاشف حیدری

پاکستان کی مستقبل کی معیشت علم، ٹیکنالوجی اور برآمدات پر استوار ہونی چاہیے

صحافیوں پر تشدد کسی صورت قابل قبول نہیں، یوسفزئی قومی اتحاد

گوادر، رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ گوادر میں نرسنگ کالج کے لئے مجوزہ عمارت کا معائنہ کر رہے ہیں

صحبت پور، سینئر صحافی نصیر کاکڑ پر حملے کی شدید مذمت، ملزمان کی فوری گرفتاری کا مطالبہ

نصیر احمد کاکڑ پر تشدد کی شدید مذمت، واقعے میں ملوث ملزمان کو فوری گرفتار کیا جائے، انجینئر ہادی شکری

کوئٹہ تا چمن پسنجر ٹرین فوری بحال کی جائے، اسلم اچکزئی

مکہ اور مدینہ منورہ کی سلامتی پوری امت مسلمہ کیلئے ریڈ لائن ہے، علی حسن زہری

اسلام آباد، چیئرپرسن سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری خواتین اور بچوں کے خلاف تشدد، قتل کے مقدمات، فوجداری تحقیقات اور ادارہ جاتی جوابدہی سے متعلق اہم اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

بلوچستان کا مقبول روزنامہ
روزنامہ
DAILY SABA-Quetta
صباء
ایڈیٹر غضنفر علی
ABC CERTIFIED
PHONE:0814170013
EMAIL:sabanewsqta@gmail.com

پبلشر بالاچ نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپواکر
دفتر روزنامہ صباء ارشد درانی بلڈنگ روم نمبر 3 علمدار روڈ سے شائع کیا

سود ختم اور آئی پی پیز کو ادائیگیاں بند کی جائیں

حکومت ہماری تجاویز مان لے تو قومی خزانہ کو تین سے چار ہزار ارب کا فائدہ ہوگا، جنگی حالات کے دوران پاکستان میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بھارت اور بنگلہ دیش کے مقابلہ میں کئی گنا زیادہ بڑھائی گئیں، مہنگائی اور لیوی نے عوام کو عذاب میں مبتلا کردیا ہے، بیس ستمبر کو ملک کی تاریخ کے سب سے بڑے لانگ مارچ کا آغاز ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ نائب امیر میاں محمد اسلم، ڈپٹی سیکریٹری فراست شاہ اور امیر اسلام آباد نصر اللہ رندھاوا بھی اس موقع پر موجود تھے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ حکومت عوام کو حقیقی ریلیف دینے کے بجائے ناکافی اور نمائشی پیکیجز کا اعلان کر رہی ہے۔ ایران پر امریکی حملے کے فوری بعد فروری میں حکومت کو ریفائنریز سے بات کرنی چاہیے تھی، مگر ایسا نہیں کیا گیا بلکہ ایسے اقدامات کیے گئے اور عوام کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالنا شروع کیا جس کی مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے سوال کیا کہ آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کو زیادہ منافع کیوں دیا جا رہا ہے جبکہ عوام مہنگائی کا بوجھ برداشت کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چھوٹی گاڑیاں زیادہ تر متوسط طبقہ استعمال کرتا ہے، اس لیے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ براہ راست متوسط اور غریب طبقے کو متاثر کرتا ہے۔ حکومت عوام کو ریلیف دینے کے لیے تیار نہیں، جبکہ حکومتی سطح پر یہ موقف اختیار کیا جاتا ہے کہ عالمی مارکیٹ اور دیگر عوامل کے باعث قیمتیں بڑھ رہی ہیں۔ دراصل حکومت عوام کو لوٹ کر اپنے ریونیو اہداف پورے کر رہی ہے، یہ اپنی عیاشیاں اور غیر ضروری اخراجات کم کرنے کو تیار نہیں۔ انہیں تجاویز دی جائیں تو آئی ایم ایف کا جواز پیش کردیتے ہیں۔ البتہ جب آئی ایم ایف جاگیرداروں پر ٹیکس لگانے کا کہتا ہے تو ان پر ٹیکس نہیں لگایا جاتا، لیکن ایسے لوگوں پر بھاری ٹیکس عائد کیے جا رہے ہیں جن کی آمدن قابل ٹیکس نہیں۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ شرح سود میں تین فیصد کمی کی جائے، کیونکہ صرف ایک فیصد شرح سود کم کرنے سے 574 ارب روپے کی بچت ہوسکتی ہے۔ تاہم حکومت بنکوں کے منافع میں کمی نہیں کرنا چاہتی اور کہا جاتا ہے کہ سود کم کرنے کا اختیار سٹیٹ بنک کو جو خود مختار ادارہ ہے۔ سوال یہ ہے کہ اگر ملک کے مالی معاملات کو چلانے والا ادارہ حکومت کے ہاتھ میں نہیں تو پھر کس کے ہاتھ میں ہے؟ انہوں نے کہا کہ حکومت بنک مافیا کو ناراض کرنے سے ڈرتی ہے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ حکومت کو اپنی ترجیحات تبدیل کرنا ہوں گی اور عوام پر بوجھ ڈالنے کے بجائے غیر ضروری اخراجات کم کرنا ہوں گے۔

عاشق عمران کی تنہائی

تو جوانی میں جلسے جلوس دیکھے بھی اور اس کا حصہ بھی بنے مگر اب دل نہیں چاہتا یوں لگتا ہے یہ ایک فضول کام ہے جسے انجام دینے یا نہ دینے سے ملک و قوم کو کوئی فرق نہیں پڑتا اب قوم کو حکمرانوں اور سیاستدانوں کے مزاج کو بدلنے کیلئے کوئی نیا طریقہ ڈھونڈنا

محمد افضل عاجز

ہوگا ایسا طریقہ جس سے حکمرانوں کے مزاج کو بھی بدلا جاسکے اور ملک کے حالات کو بھی، گزشتہ روز مجھے ایک ریکارڈنگ کے سلسلے میں سٹوڈیو جانا تھا میں مختلف راستے سے بھی جاسکتا تھا مگر مدت ہوئی کوئی عاشق دیکھے ہوئے کے پی کے وزیر اعلیٰ کے بارے میں سنا تھا کہ یہ عاشق عمران ہیں سوچا قدرت نے اگر ایک عاشق کے دیدار کا موقع دیا ہے تو ضرور کرنا چاہیے سو میں نے اسی روڈ کا انتخاب کیا جہاں یہ عاشق عمران جلوہ افروز تھے سوشل میڈیا پر پنجاب پولیس کے حوالے سے بہت منفی خبریں چل رہی تھیں پی ٹی آئی کے لوگ لکھ رہے تھے پنجاب پولیس ظلم کر رہی ہے لوگوں کو تیل کی جلتی ہوئی کڑھائی میں پھینک رہی ہے نہتے کارکنوں کو لاٹھیوں سے مار رہی ہے وغیرہ وغیرہ یہ سب پڑھ کے ڈر تو لگا کہ کہیں ہمارا مقدر بھی تیل کی کڑھائی نہ ہو مگر عاشق عمران کی کشش نے حوصلہ دیا اور چل پڑے پنجاب پولیس کے جوان سڑک کے کنارے کھڑے نظر آئے انہوں نے ہمیں بھی روکا اور پھر تاکید کی کہ آپ ایک سائیڈ سے گزر جائیں کیونکہ اسی روڈ پر کے پی کے وزیر اعلیٰ بھی گھوم پھر رہے ہیں ہم آگے بڑھے تو وزیر اعلیٰ اپنے درجن سے زائد کمانڈوز کے ساتھ کھڑے نظر آئے وہ پنجاب پولیس کے دو افسروں کے ساتھ بات چیت کر رہے تھے وزیر اعلیٰ چیختے ہوئے پوچھ رہے تھے تم لوگ یہاں کیوں آئے ہیں افسر جواباً کہہ رہے تھے ہم آپ کی حفاظت کیلئے آئے ہیں جواباً وزیر اعلیٰ نے کہا میرے لیے اللہ کافی ہے مجھے آپ کی ضرورت نہیں اس گفتگو کے دوران پشاور پولیس کے جوان ان کے ارد گرد حصار کیے کھڑے تھے اچانک نجانے کیا ہوا وزیر اعلیٰ لپک کے پنجاب پولیس کی وین میں بیٹھ گئے مجھے یہ سب کچھ بہت مزیدار لگا مگر تھوڑی دیر بعد سوشل میڈیا پر وزیر اعلیٰ کے ایک ترجمان بتا رہے تھے پنجاب پولیس نے ہمارے وزیر اعلیٰ کو اغواء کرلیا ہے یہ بیان مجھے مزید مزیدار لگا کیونکہ میں تو خود آنکھوں سے دیکھ کر آرہا تھا مگر شاید سیاست اسی کا نام ہے جھوٹ کو سچ بناؤ اور اسے اتنا پھیلاؤ کہ سچائی منہ چھپائے بیٹھ جائے، مگر اب یہ ممکن نہیں ہے لوگ بہت کچھ سمجھ چکے ہیں اور تو اور تحریک انصاف کے آدھے سے زیادہ کارکن کہہ رہے ہیں یہ وزیر اعلیٰ حکومت کے ساتھ ملا ہوا ہے اسے کسی بھی احتجاجی تحریک کو چلانے کا نہ تجربہ ہے اور نہ حوصلہ گفتگو کی حد تک انقلابی ہے عملی طور پر کسی انقلاب کیلئے دستیاب نہیں ہے اگر ایسی بات ہوتی تو لاہور کے دورے پر پنجاب بھر سے نہ سہی لاہور کے ایم این اے اور ایم پی اے تو اس کے ساتھ ہوتے یہ اکیلے یہاں گھومنے پھرنے کے علاوہ کیا کرسکتے ہیں جبکہ اپنی شناخت کے حوالے سے بھی یہ سڑک پر گھومتے پھرتے لوگوں کو آوازیں لگا کے بتا رہے تھے میں عمران خان کا عاشق اور کے پی کے کا وزیر اعلیٰ ہوں انقلاب ایسے نہیں آتے اس کے لئے قربانیاں دینا پڑتی ہیں کچھ اصول بنانے پڑتے ہیں۔

جھونپڑی سے نوبل انعام تک

کاتالین کاریکو 1955ء میں ہنگری کے شہر سولنوک میں پیدا ہوئی اور ایک چھوٹے قصبے کیش اوسالاش میں پلی بڑھی۔ اس کے والد قصاب اور والدہ حساب کتاب کا کام کرتی تھیں۔ خاندان مٹی اور بھوسے سے بنے سادہ گھر میں رہتا تھا جہاں نلکے کا پانی، ریفریجریٹر اور ٹیلی وژن بھی نہیں تھا۔ پینے کا پانی گلی کے مشترکہ نل سے لانا پڑتا اور گرمیوں میں کھانے کی چیزیں ٹھنڈی رکھنے کے لیے کنویں کے قریب لٹکائی جاتیں۔ گھر

خالد ارشاد صوفی

کے قریب پودے، مرغیاں اور دوسرے جانور تھے۔ اپنے والد کو کام کرتے دیکھ کر اس کے ذہن میں سوال پیدا ہوتا کہ جاندار جسم کے اندر زندگی کیسے کام کرتی ہے؟ اسکول میں اسے ایسے استاد ملے جو تیار جواب دینے کے بجائے سوال اٹھانا سکھاتے تھے۔ آٹھویں جماعت میں وہ ہنگری کے ایک قومی حیاتیاتی مقابلے میں تیسرے مقام تک پہنچ گئی۔ اس نے یونیورسٹی آف سیگڈ سے بائیوکیمسٹری میں پی ایچ ڈی کی اور آر این اے (RNA) نامی مالیکیول پر تحقیق شروع کی۔ انسانی جسم کو ایک پیچیدہ کارخانہ سمجھا جائے تو ڈی این اے اس کا بنیادی نقشہ ہے، جب کہ میسنجر آر این اے، یعنی ایم آر این اے (MRNA)، اس نقشے سے عارضی ہدایت لے کر خلیے کو مطلوبہ پروٹین بنانے کا پیغام دیتا ہے۔ کاریکو کا خیال تھا کہ اگر تجربہ گاہ میں تیار کردہ ایم آر این اے کے ذریعے انسانی خلیوں کو مفید پروٹین بنانے کی ہدایت دی جاسکے تو بہت سی بیماریوں کے علاج اور ویکسینوں کی تیاری کا نیا راستہ کھل سکتا ہے۔ خیال غیر معمولی تھا، مگر رکاوٹیں بھی بے شمار تھیں۔ ایم آر این اے بہت نازک ہوتا، جسم میں جلد ٹوٹ جاتا اور بعض اوقات مدافعتی نظام اسے خطرہ سمجھ کر شدید سوزش پیدا کردیتا۔ اسی لیے بہت سے سائنس دان اسے علاج کے لیے غیر موزوں سمجھتے تھے۔ کاریکو کو یقین تھا کہ مالیکیول ناکام نہیں، اسے تیار کرنے اور جسم تک پہنچانے کا طریقہ ابھی نامکمل ہے۔ 1985ء میں ہنگری کے تحقیقی ادارے میں اس کی ملازمت ختم ہوگئی۔ یورپ میں کوششیں کامیاب نہ ہوئیں تو فلاڈیلفیا کی ٹیمپل یونیورسٹی میں کام کی پیشکش قبول کرلی۔ اس وقت ہنگری سے غیر ملکی کرنسی لے جانے پر سخت پابندیاں تھیں۔ کاریکو اور اس کے شوہر کو اپنی روسی ساختہ گاڑی فروخت کرکے حاصل ہونے والے تقریباً آٹھ سو برطانوی پاؤنڈ ڈھائی سالہ بیٹی کے ٹیڈی بیئر میں چھپا کر لے جانے پڑے۔ تین افراد کا یہ خاندان چند سوٹ کیسوں، محدود رقم اور ایک تحقیقی ملازمت کے وعدے کے ساتھ امریکا پہنچا۔ وہاں نہ کوئی قریبی عزیز تھا، نہ مضبوط مالی سہارا اور نہ یہ یقین کہ ملازمت کب تک برقرار رہے گی۔ وہ چند سال بعد کاریکو یونیورسٹی آف پنسلوانیا پہنچ گئی۔ یہاں اسے معلوم ہوا کہ امریکی جامعات میں اچھا تجربہ کرنا کافی نہیں، محقق کی اہمیت اس بات سے بھی ناپی جاتی ہے کہ وہ کتنی مالی گرانٹس حاصل کرسکتا ہے۔ کاریکو درخواستیں لکھتی اور جواب میں انکار آجاتا۔ جائزہ لینے والوں کے نزدیک ایم آر این اے غیر مستحکم اور عملی استعمال کے قابل نہیں بن سکتا تھا۔ ساتھی اسے کسی زیادہ مقبول اور محفوظ تحقیقی موضوع کی طرف جانے کا مشورہ دیتے، لیکن وہ ہر ناکام تجربے سے حاصل ہونے والی معلومات کی بنیاد پر نیا تجربہ شروع کرد یتی 1995ء میں مشکلات ایک ساتھ اس کے سامنے آکھڑی ہوئیں۔ یونیورسٹی نے اسے ایم آر این اے کی تحقیق چھوڑنے یا عہدے میں تنزلی اور تنخواہ میں کمی قبول کرنے کا اختیار دیا۔ اسی عرصے میں اسے کینسر کی تشخیص ہوئی اور دو آپریشن درپیش تھے۔ اس کا شوہر گرین کارڈ سے متعلق مسئلے کے باعث تقریباً پانچ ماہ ہنگری میں پھنسا رہا۔ گھر رہن پر خریدا جاچکا تھا، اقساط ادا کرنا تھیں اور بیٹی کی ذمہ داری بھی تھی۔ کاریکو نے بعد میں اعتراف کیا کہ اس وقت اسے بھی خیال آیا کہ شاید وہ اتنی اچھی یا ذہین سائنس دان نہیں۔ یہیں اس کہانی کا سب سے انسانی پہلو سامنے آتا ہے۔ ثابت قدم لوگ شک، خوف اور مایوسی سے خالی نہیں ہوتے۔ فرق صرف یہ ہے کہ وہ ان احساسات کو آخری فیصلہ نہیں بننے دیتے۔ کاریکو نے تنزلی اور کم تنخواہ قبول کرلی، کیونکہ اس طرح اسے تحقیق جاری رکھنے کا موقع مل رہا تھا۔ بظاہر یہ اس کے پیشہ ورانہ سفر کی شکست تھی، مگر اسی فیصلے نے اسے اپنی اہم ترین دریافت تک پہنچنے کے لیے وقت دے دیا 1990ء کی دہائی کے آخر میں اس کی ملاقات امیونولوجسٹ ڈریو وائزمین سے ہوئی۔ وائزمین ایک ویکسین پر کام کرنا چاہتے تھے اور کاریکو ایم آر این اے کی صلاحیت پر یقین رکھتی تھی۔ دونوں نے مشترکہ تجربات شروع کیے۔ ایک بڑی رکاوٹ یہ تھی کہ تجربہ گاہ میں تیار کردہ ایم آر این اے مدافعتی خلیوں کو غیر ضروری طور پر مشتعل کردیتا تھا۔ دونوں نے اس کے بنیادی اجزا میں تبدیلیاں کرکے بار بار تجربے کیے۔ بالآخر وہ یہ دریافت کرنے میں کامیاب ہوگئے کہ ایک تبدیل شدہ نیوکلیوسائیڈ استعمال کرنے سے خطرناک سوزش کم اور مطلوبہ پروٹین کی تیاری بہتر ہوسکتی ہے 2013ء کی وہ صبح آگئی جب کاریکو کا سامان لیبارٹری سے نکال کر راہداری میں رکھ دیا گیا۔ اس نے اس توہین کو تحقیق کا اختتام نہیں بننے دیا اور جرمنی کی نسبتاً غیر معروف بائیوٹیک کمپنی BioNTech کی پیشکش قبول کرلی۔ اسے خاندان سے دور رہنا، طویل سفر کرنا اور ایک نئے ادارے میں دوبارہ اپنی جگہ بنانا پڑی۔ یہی کمپنی بعد میں فائزر کے ساتھ مل کر کووڈ (COVID-19) کی ایم آر این اے ویکسین تیار کرنے والی تھی 2020ء میں کورونا وائرس نے دنیا کو اپنی لپیٹ میں لیا تو سائنس دانوں کو ایسی ویکسین درکار تھی جو محفوظ ہونے کے ساتھ تیزی سے تیار کی جاسکے۔ کاریکو اور وائزمین کی برسوں پرانی دریافت نے اس کام کے لیے بنیادی راستہ فراہم کیا۔ 2 اکتوبر 2023ء کو دونوں کو مشترکہ طور پر طب کا نوبل انعام دینے کا اعلان ہوا۔ وہ عورت جسے کبھی بتایا گیا تھا کہ اس کی تحقیق مالی مدد کے قابل نہیں، اب دنیا کے سب سے بڑے سائنسی اعزاز کے لیے منتخب ہوچکی تھی۔ مگر کاریکو نوجوانوں کو انعام یا شہرت کے پیچھے بھاگنے کا مشورہ نہیں دیتی۔ اس کا کہنا ہے، "اس چیز پر توجہ دیں جو آپ کرسکتے ہیں۔" گرانٹ منظور کرنا کمیٹی کے اختیار میں تھا، اگلا تجربہ کرنا اس کے اپنے اختیار میں۔ عہدہ چھیننا یونیورسٹی کا فیصلہ تھا، تحقیق جاری رکھنا اس کا فیصلہ۔ کاریکو کی کہانی محض ثابت قدم رہنے کا روایتی سبق نہیں دیتی۔ یہ بتاتی ہے کہ ثابت قدمی اندھی ضد نہیں؛ مسلسل مطالعہ، تجربہ، تنقید اور اصلاح کا نام ہے۔ اس نے اپنی منزل برقرار رکھی، لیکن وہاں پہنچنے کے طریقے بار بار تبدیل کیے۔

سہیل آفریدی نے پنجاب کو "ایزی" لے لیا

سیاست میں توجہ حاصل کرنے کے شوق کو اگر کسی مظہر سے تعبیر کرنا ہو تو خیبرپختونخوا کے وزیر اعلیٰ اور ان کے رفقاء کے حالیہ دورہ پنجاب سے بہتر کوئی مثال نہیں مل سکتی۔ لاہور اور پنجاب کے دیگر علاقوں میں کی جانے والی اس "سیاسی اٹھک بیٹھک" اور طوفانی دوروں کا بنیادی مقصد کسی عوامی مسئلے کا حل یا سنجیدہ سیاسی پیش رفت نہیں، بلکہ محض میڈیا کی توجہ سمیٹنا اور

حامد ولید

اپنے سیاسی وجود کو زبردستی تسلیم کروانا تھا۔ تاہم، اس تمام ڈرامائی مشق کا اختتام جس طرح پنجاب کے عوام کی روایتی سرد مہری اور بے نیازی سے ہوا، اس نے ایک بار پھر یہ ثابت کردیا کہ پنجاب کے سیاسی شعور کو سطحی شعبدہ بازی سے رام کرنا ممکن نہیں۔ اس تمام سیاسی شو کے دوران سکرینوں پر بیٹھے "نام نہاد دانشوروں" اور کچھ خاص ٹی وی صحافیوں کی کارکردگی بھی کم دلچسپ نہیں تھی۔ جیسے ہی وزیر اعلیٰ اور ان کا وفد پنجاب کی حدود میں داخل ہوا، میڈیا کے ان بقراطوں نے فوراً پنجاب حکومت کے خلاف محاذ کھول دیا۔ ایک مخصوص بیانیہ تیار کیا گیا کہ "مہمان نوازی میں کسر چھوڑ دی گئی ہے" اور "میزبان نے پشتون روایت اور سیاسی رواداری کا پاس نہیں رکھا"۔ روزانہ شام کو ٹاک شوز میں بیٹھ کر جس طرح پنجاب حکومت کو کوسا گیا، وہ حقیقت میں ایک مصنوعی ڈرامے سے زیادہ کچھ نہیں تھا۔ مہمان نوازی کے اس واویلے کے پیچھے اصل مقصد یہ تھا کہ کسی طرح اس بے سمت اور بے مقصد دورے کو مظلومیت کا رنگ دیا جاسکے تاکہ عوامی ہمدردیاں حاصل کی جاسکیں، لیکن پنجاب کا عام شہری اس کھیل کو اچھی طرح سمجھتا ہے؛ وہ جانتا ہے کہ جب سیاست دان اپنے علاقے کا کارکردگی کارڈ دکھانے میں ناکام ہوجاتے ہیں تو وہ اکثر "مظلومیت کے کارڈ" کا سہارا لیتے ہیں۔ پنجاب کے انتظامی اور سیاسی حلقوں نے سہیل آفریدی اور ان کے لشکریوں کے ساتھ بالکل یہی سلوک کیا۔ پنجاب کی انتظامیہ کو بخوبی اندازہ تھا کہ اس وفد کی آمد کا مقصد کوئی مثبت تعمیری گفتگو نہیں بلکہ صرف ہنگامہ آرائی اور انتظامی مشینری کو مشتعل کرنا ہے۔ چنانچہ پورے دورے کے دوران ہر قیمتی اور حساس ادارے اور مقام کو اسی طرح محفوظ رکھا گیا جیسے کسی بے قابو بچے سے گھر کا قیمتی سامان بچایا جاتا ہے۔ سب سے دلچسپ پہلو اس تمام سیاسی تھیٹر پر پنجاب کے عوام کا ردعمل تھا۔ سہیل آفریدی اور ان کی ٹیم نے سوچا تھا کہ وہ لاہور کی سڑکوں پر نکلیں گے تو عوام کا ایک سمندر ان کے استقبال کیلئے امڈ آئے گا، لیکن پنجاب کے عوام نے انہیں بالکل اسی طرح نظر انداز کردیا جس طرح وہ اس سے قبل بلاول بھٹو زرداری کو کرچکے ہیں۔ بلاول بھٹو نے بھی کئی سال پنجاب میں ڈیرے ڈالے، ریلیوں کے ذریعے پنجاب کے دل میں جگہ بنانے کی بھرپور کوششیں کیں اور جیالے بیدار کرنے کے دلاسے دیے، مگر پنجاب نے ان کے ہر نعرے کو مسکرا کر نظر انداز کردیا۔ یہی حشر اس بار خیبرپختونخوا کے سیاسی مسافروں کا بھی ہوا۔ پنجاب کے عوام نے نہ صرف ان کے نعروں پر کوئی کان نہیں دھرے، بلکہ انہیں ایک ایسی خاموش بے نیازی کا تحفہ دیا جو کسی بھی سیاست دان کیلئے کھلے احتجاج سے زیادہ تکلیف دہ ہوتی ہے۔ پنجاب کی اس بے نیازی کو سیاسی کم فہمی سمجھنا سب سے بڑی بھول ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ پنجاب کے عوام ایک نہایت گہرا، پختہ اور پائیدار سیاسی شعور رکھتے ہیں۔ تاریخ شاہد ہے کہ پنجاب کبھی بھی وقتی جذباتی نعروں، چیخ و پکار یا ڈرامائی انداز بیاں سے مستقل طور پر متاثر نہیں ہوا۔ یہ خطہ صرف ان سیاست دانوں کو قبول کرتا ہے جو عمل، کارکردگی اور سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ پنجاب کی سیاسی تاریخ بڑی بے رحم ہے؛ یہاں جذباتی فیصلوں کی جگہ ہمیشہ شعوری اور عمل پسندانہ فیصلوں نے لی ہے۔ اگر سہیل آفریدی یا ان کے قائدین کو یہ لگتا ہے کہ وہ سڑکوں پر آکر جذباتی تقاریر کرکے پنجاب کو فتح کرلیں گے تو انہیں ماضی کے چند بڑے سیاسی ناموں کا حشر دیکھ لینا چاہیے: اپنے دور کے سب سے بڑے اور کرشماتی خطیب، ذوالفقار علی بھٹو، جنہوں نے پنجاب سے ہی اپنے سیاسی عروج کا آغاز کیا تھا، ایک وقت ایسا آیا کہ اسی پنجاب نے ان کے جذباتی نعروں کو مسترد کردیا۔ بھٹو کا روایتی سحر ٹوٹا تو پنجاب نے ان کی پارٹی کو ایسا کنارے لگایا کہ دہائیاں گزرنے کے بعد بھی پیپلز پارٹی پنجاب میں اپنا وجود بحال کرنے کیلئے ترستے دکھائی دیتی ہے۔ گجرات کے چودھریوں نے پنجاب کی سیاست میں دہائیوں تک جوڑ توڑ کی سیاست کی، لیکن جب چودھری پرویز الٰہی نے محض اقتدار اور ذاتی مفادات کیلئے اپنی سیاسی سمت اور نظریات سے بار بار انحراف کیا، نتیجہ یہ ہوا کہ وہ پنجاب جو کبھی ان کا گڑھ سمجھا جاتا تھا، وہاں وہ ایک غیر متعلقہ سیاسی کردار بن کر رہ گئے۔ خیبرپختونخوا کی قیادت، بالخصوص سہیل آفریدی اور ان کے سیاسی اتالیقوں کو یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کرلینا چاہیے کہ پنجاب کو "ایزی" لینا ان کی سب سے بڑی سیاسی حماقت ہے۔ پنجاب کے عوام کا مزاج پرکھنا اور انہیں رام کرنا کوئی بچوں کا کھیل نہیں اور جان جوکھوں میں ڈالے بغیر حاصل ہونے والی فتح نہیں ہے۔ پنجاب کی خاموشی کو ان کی بے خبری نہ سمجھا جائے۔ پنجاب کا ووٹر جب خاموش ہوتا ہے تو وہ ناپ تول رہا ہوتا ہے۔



کترینہ کا بڑھتا ہوا وزن، سوشل میڈیا پر حیران کن بحث چھڑ گئی

ایک ماں کے جسم اور وزن کے بارے میں اس طرح کے تبصرے کرنا کہاں کا انصاف ہے، اداکارہ

ممبئی (این این آئی) معروف بھارتی اداکارہ کترینہ کیف کا بڑھتا ہوا وزن سوشل میڈیا پر موضوع بحث بن گیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق سوشل میڈیا پر کترینہ کیف کے بارے میں ہونے والی بحث حیران کن ہے۔ حال ہی میں اداکارہ اپنے شوہر وکی کوشل کے ساتھ امبانی خاندان کے گھر منعقدہ ایک تقریب میں شریک ہوئیں۔ تقریب کی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئیں، اس موقع پر بعض صارفین نے تبصرہ کیا کہ ماں بننے کے بعد کترینہ مزید باوقار نظر آرہی ہیں، جبکہ بعض نے ان میں تبدیلیوں پر تبصرے کیے۔ رپورٹس کے مطابق بعض صارفین نے پرانی تصاویر سے موازنہ کرتے ہوئے ان کے وزن سے متعلق بحث شروع کردی اور انہیں ٹرول کرتے ہوئے کہا کہ ان کا وقت ختم ہوگیا اور بڑھاپا آگیا ہے۔ مداحوں نے سوال اٹھایا ہے کہ ایک ماں کے جسم اور وزن کے بارے میں اس طرح کے تبصرے کرنا کہاں کا انصاف ہے، اداکارہ کے چاہنے والوں نے کہا کہ کسی خاتون کا احترام صرف اس کی ظاہری شکل سے طے نہیں ہونا چاہیے بلکہ اس کی صلاحیت محنت اور کامیابیاں زیادہ اہم ہیں۔ واضح رہے کہ کترینہ کیف نے 2003 میں فلم بوم سے اپنے فلمی کیریئر کا آغاز کیا تھا اور اس کے بعد بے شمار فلموں میں جاندار اداکاری سے اپنی کامیابیوں کا لوہا منوایا۔

انیل کپور نے اپنی کامیابی کا کریڈٹ بیٹیوں کو دیدیا

بیٹیاں والد کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں ہوتیں، انیل کپور کی گفتگو

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے معروف اداکار انیل کپور نے اپنے کامیاب کیریئر کا سہرا اپنی بیٹیوں ریا اور سونم کپور کے سر سجا دیا۔ 69 سالہ اداکار نے حال ہی میں اپنے کیریئر اور خاندانی ذمے داریوں کے درمیان توازن قائم رکھنے سے متعلق گفتگو کی۔ انیل کپور نے دی انیل کپور شو میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بیٹیاں والد کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں ہوتیں۔ انہوں نے کہا کہ بہت سے لوگ کہتے ہیں کہ میں اپنے خاندان کے لیے کمانے کی خاطر کام کرتا ہوں، لیکن کوئی یہ نہیں سمجھتا کہ میرا خاندان میرے لیے کتنا اہم ہے۔ انیل کپور نے ماضی کا قصہ یاد کرتے ہوئے بتایا کہ جب میری بیٹی ریا کی پیدائش ہوئی تو میں اسپتال دیر سے پہنچا، میں نے سوچا کہ میں بہت دیر سے پہنچا اور اسے دیکھنے کا موقع گنوا دیا، میں ساری رات اس بات پر افسوس کرتا رہا۔ اداکار نے بتایا کہ جب میری بیٹی ریا پیدا ہوئی تو مجھے احساس ہوا کہ بیٹی کا ہونا ایک اضافی خوشی ہے اور چونکہ میری 2 بیٹیاں سونم اور ریا ہیں، اس لیے میرے لیے یہ دوہری خوشی ہے۔ واضح رہے کہ انیل کپور کی 1983 میں ریلیز ہونے والی فلم وہ سات دن سے اداکاری کے میدان میں اہم کامیابی ملی تھی۔ چار دہائیوں پر محیط اپنے شاندار اداکاری کے کیریئر میں بھرپور توانائیاں صرف کرنے والے انیل کپور ان دنوں کون بنے گا کروڑ پتی کی میزبانی میں مصروف ہیں۔

بھارتی کرکٹر پرتھوی شا اور اداکارہ اکریتی اگروال نے شادی سے پہلے ہی راہیں جدا کرلیں

اکریتی کے مطابق انہوں نے اور پرتھوی شا نے باہمی رضامندی سے علیحدگی کا فیصلہ کیا، رپورٹ

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی اداکارہ اکریتی اگروال اور کرکٹر پرتھوی شا نے منگنی کے تقریباً چھ ماہ بعد اپنی راہیں جدا کرنے کا اعلان کردیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق دونوں نے رواں سال 8 مارچ کو منگنی کی تھی تاہم اب اکریتی نے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں رشتہ ختم ہونے کی تصدیق کی ہے۔ اکریتی کے مطابق انہوں نے اور پرتھوی شا نے باہمی رضامندی سے علیحدگی کا فیصلہ کیا جس کی وجہ مستقبل کے اہداف، حالات اور موجودہ ذمہ داریوں میں اختلافات ہیں۔ اداکارہ نے کہا کہ ایک دوسرے کے لیے محبت اور احترام برقرار رہنے کے باوجود دونوں اس نتیجے پر پہنچے کہ ان کے راستے ایک ساتھ آگے نہیں بڑھ سکتے۔ اکریتی نے پرتھوی شا اور اپنے لیے مستقبل میں سکون، خوشی اور کامیابی کی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے مداحوں سے نجی زندگی کا احترام کرنے کی اپیل بھی کی۔ انہوں نے لوگوں سے قیاس آرائیوں اور علیحدگی کی وجوہات سے متعلق مفروضے قائم کرنے سے گریز کرنے کو کہا۔ پرتھوی شا کی جانب سے تاحال اکریتی کے بیان پر کوئی عوامی ردعمل سامنے نہیں آیا۔ دونوں نے مارچ میں منگنی کی تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کی تھیں جن میں شا کو اکریتی کو شادی کی پیشکش کرتے ہوئے بھی دیکھا گیا تھا۔

ایشین گیمز، بھارتی خاتون جمناسٹ کو مرد کوچ کیساتھ ایک ہی کمرہ دے دیا گیا

سرکاری ریکارڈ میں نام درج کرتے ہوئے حرف آئی رہ جانے کی وجہ سے یہ مسئلہ پیدا ہوا، رپورٹ

ٹوکیو (این این آئی) جاپان میں جاری ایشین گیمز 2026 کے دوران بھارتی جمناسٹ پرناتی نائیک اور ان کے کوچ اشوک مشرا کو رہائش کے حوالے سے غیر معمولی صورتحال کا سامنا کرنا پڑا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارتی دستے کے ارکان کے لیے مختص کردہ شپ پر پرناتی نائیک اور ان کے مرد کوچ کو غلطی سے ایک ہی کمرہ الاٹ کردیا گیا جس پر مخلوط جنس کی رہائش سے متعلق خدشات پیدا ہوئے اور معاملہ بھارتی اولمپک ایسوسی ایشن تک پہنچ گیا۔ بعد ازاں تقریباً رات ڈیڑھ بجے دونوں کے لیے الگ الگ کمروں کا انتظام کیا گیا تاہم اشوک مشرا کو نئے کمرے کی چابی حاصل کرتے وقت ایک اور مشکل پیش آگئی، ہوٹل انتظامیہ کو رجسٹر میں ان کی بکنگ نہیں مل سکی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق سرکاری ریکارڈ میں نام درج کرتے ہوئے حرف آئی رہ جانے کی وجہ سے یہ مسئلہ پیدا ہوا۔ مشرا کی ایکریڈیٹیشن اور بکنگ کی تفصیلات دوبارہ چیک کرکے درست کی گئیں جس میں مزید تقریباً 45 منٹ لگ گئے اور وہ رات 2 بجے کے بعد اپنے کمرے میں پہنچ سکے۔ پرناتی نائیک نے واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ رہائش میں غلطی ہوئی تھی تاہم اسے رات تقریباً 2 بجے حل کرلیا گیا۔ پرناتی نائیک 19 ستمبر سے جمناسٹکس مقابلوں میں اپنی مہم کا آغاز کریں گی۔ سرکاری ریکارڈ میں نام درج کرتے ہوئے حرف آئی رہ جانے کی وجہ سے یہ مسئلہ پیدا ہوا۔

سلمان خان کی گلوکاری پر طنز، سونو نگم نے وضاحت پیش کر دی

میرا ردعمل ایک کم عمر گلوکارہ کی پرفارمنس پر تھا، جس نے مجھے جذباتی کر دیا تھا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے معروف گلوکار سونو نگم نے دبنگ اسٹار سلمان خان کی گلوکاری پر طنز سے متعلق اپنی وائرل ویڈیو میں وضاحت پیش کر دی۔ بھارتی گلوکار کی ایک پرانی ویڈیو حال ہی میں دوبارہ سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی ہے، تاہم ویڈیو کو ایڈیٹ کرکے اس انداز میں پیش کیا گیا ہے کہ بظاہر ایسا لگے جیسے گلوکار نے سلمان خان کی گلوکاری پر طنز کیا ہو۔ ایڈیٹ کی گئی ویڈیو میں سلمان خان کو ٹیلی وژن پر میں ہوں ہیرو تیرا گاتے ہوئے دکھایا گیا، اس دوران سونو نگم کے چہرے کے تاثرات اور سر پکڑنے کے انداز کو دکھایا گیا، جس کے بعد انہیں گلوکاری سے متعلق ایک تبصرہ کرتے بھی دیکھا گیا۔ یہ ویڈیو سوشل میڈیا پر ایسے متن کے ساتھ شیئر کی گئی جس سے تاثر ملا کہ سونو نگم سلمان خان کی گلوکاری کا مذاق اڑا رہے ہیں۔ گانے سے متعلق جاری بحث کے دوران ویڈیو نے تیزی سے لوگوں کی توجہ حاصل کرلی۔ بعد ازاں سونو نگم نے یہی ایڈیٹ شدہ ویڈیو انسٹاگرام پر شیئر کرتے ہوئے وضاحت کی کہ میرا اصل ردعمل کسی اور کی پرفارمنس کے لیے تھا۔ انہوں نے وضاحت کرتے ہوئے لکھا کہ انٹرنیٹ پر غیر متوقع چیز کی توقع کی جاسکتی ہے، میرا ردعمل ایک کم عمر گلوکارہ کی پرفارمنس پر تھا، جس نے مجھے جذباتی کر دیا تھا۔ بھارتی گلوکار کی ایک پرانی ویڈیو حال ہی میں دوبارہ سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی ہے، تاہم ویڈیو کو ایڈیٹ کرکے اس انداز میں پیش کیا گیا ہے کہ بظاہر ایسا لگے جیسے گلوکار نے سلمان خان کی گلوکاری پر طنز کیا ہو۔ ایڈیٹ کی گئی ویڈیو میں سلمان خان کو ٹیلی وژن پر میں ہوں ہیرو تیرا گاتے ہوئے دکھایا گیا، اس دوران سونو نگم کے چہرے کے تاثرات اور سر پکڑنے کے انداز کو دکھایا گیا، جس کے بعد انہیں گلوکاری سے متعلق ایک تبصرہ کرتے بھی دیکھا گیا۔ یہ ویڈیو سوشل میڈیا پر ایسے متن کے ساتھ شیئر کی گئی جس سے تاثر ملا کہ سونو نگم سلمان خان کی گلوکاری کا مذاق اڑا رہے ہیں۔ گانے سے متعلق جاری بحث کے دوران ویڈیو نے تیزی سے لوگوں کی توجہ حاصل کرلی۔

رام جنم بھومی سے متعلق بھارتی سپریم کورٹ کے فیصلے پر مجھے افسوس ہوا، سوارا بھاسکر

بھارتی سپریم کورٹ کے رام مندر بنانے کے فیصلے پر میں نے شاہ رخ، عامر، سلمان خان سے معذرت کی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ سوارا بھاسکر نے انکشاف کیا ہے کہ رام جنم بھومی سے متعلق بھارتی سپریم کورٹ کے فیصلے پر مجھے افسوس ہوا، میں نے شاہ رخ خان، عامر خان اور سلمان خان سمیت دیگر سے معذرت کی۔ 38 سالہ اداکارہ سماجی مسائل پر اپنے بے باک خیالات اور سرگرمیوں کے باعث اکثر خبروں میں رہتی ہیں۔ انہوں نے حالیہ انٹرویو میں گفتگو کے دوران رام جنم بھومی کیس کے سابقہ فیصلے کا حوالہ دیا اور سپریم کورٹ کے فیصلے پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ جب رام جنم بھومی کیس کا فیصلہ آیا تو میں بہت پریشان ہوئی، میں سوچ رہی تھی کہ یہ کیسا ملک ہے اور یہ کیسا فیصلہ ہے؟ اداکارہ کا کہنا تھا کہ میں اس لیے پریشان تھی کیونکہ مجھے لگا کہ یہ ناانصافی ہے، چنانچہ میں نے اپنی فون بک میں موجود تمام مسلمانوں کو پیغام بھیجا، جن میں شاہ رخ خان، عامر خان، سلمان خان سے لے کر فہد تک سب شامل تھے۔ انہوں نے بتایا کہ میں ان تمام مسلمانوں سے رابطہ کرنا چاہتی تھی جنہیں میں جانتی ہوں، میں انہیں بتانا چاہتی تھی کہ ہندو مذہب سے تعلق ہونے کی حیثیت سے مجھے واقعی افسوس ہے، مجھے شرمندگی ہے اور میں اس فیصلے سے اتفاق نہیں کرتی۔ سوارا کے اس بیان کے بعد انہیں سوشل میڈیا پر تنقید کا سامنا ہے، بعض صارفین نے ان پر ہندوؤں کے جذبات مجروح کرنے اور عدالتی فیصلے کی توہین کرنے کا الزام عائد کیا ہے۔ واضح رہے کہ نومبر 2019 میں بھارتی سپریم کورٹ نے ایودھیا اراضی تنازع پر متفقہ فیصلہ سنایا تھا۔ عدالت نے حکم دیا تھا کہ ایودھیا میں متنازع 2.77 ایکڑ اراضی پر رام مندر تعمیر کیا جائے، جبکہ حکومت کو مسجد کی تعمیر کے لیے متبادل طور پر 5 ایکڑ اراضی فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی تھی۔

پاکستانی کرکٹرز صرف سینٹرل کنٹریکٹس بچانے کیلئے ڈومیسٹک کرکٹ کھیل رہے ہیں، احمد شہزاد

ہمیں ایسی پچز کی ضرورت ہے جہاں بالرز کو بھی مدد ملے تاکہ بلے باز اپنی تکنیکی خامیوں کو دور کرسکیں، سابق اوپنر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق اوپنر احمد شہزاد نے کہا ہے کہ قومی ٹیم کے کئی اسٹار کرکٹرز اپنی مرضی سے نہیں بلکہ صرف سینٹرل کنٹریکٹس بچانے کے لیے ڈومیسٹک کرکٹ کھیل رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق شاہین شاہ آفریدی، حارث رؤف، فخر زمان اور سلمان علی آغا سمیت کئی نمایاں کھلاڑی حالیہ پریذیڈنٹ ٹرافی میں فرسٹ کلاس کرکٹ کھیل رہے ہیں جبکہ بابر اعظم بھی آئندہ راؤنڈ میں ٹورنامنٹ کا حصہ بننے والے ہیں۔ احمد شہزاد نے حال ہی میں نجی ٹی وی کے پروگرام میں اس حوالے سے اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کھلاڑیوں کی ڈومیسٹک کرکٹ میں واپسی انتخاب نہیں بلکہ سینٹرل کنٹریکٹس کا نتیجہ ہے۔ سابق کرکٹر نے کہا کہ سینٹرل کنٹریکٹس میں کھلاڑیوں کے لیے مخصوص تعداد میں ڈومیسٹک میچز کھیلنا لازمی قرار دیا گیا ہے، بصورت دیگر وہ سینٹرل کنٹریکٹ کے اہل نہیں ہوں گے۔ انہوں نے ڈومیسٹک کرکٹ میں استعمال ہونے والی پچز پر بھی سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ اگر پچز میں غیر معمولی طور پر بڑی تعداد میں رنز بن رہے ہوں تو اس نظام کا مقصد پورا نہیں ہوگا۔ احمد شہزاد نے کہا کہ ہمیں ایسی پچز کی ضرورت ہے جہاں بالرز کو بھی مدد ملے تاکہ بلے باز اپنی تکنیکی خامیوں کو دور کرسکیں اور بین الاقوامی کرکٹ کے لیے زیادہ مؤثر انداز میں تیار ہوں۔ انہوں نے ماضی میں سیالکوٹ اور راولپنڈی کے بعض مقامات پر ملنے والی پچز کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ ڈومیسٹک کرکٹ کا مقصد صرف رنز بنانا نہیں بلکہ کھلاڑیوں کو بین الاقوامی معیار کے لیے تیار کرنا بھی ہونا چاہیے۔ واضح رہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ (PCB) نے 2026-27 کے لیے مرکزی معاہدوں کے نظام میں تبدیلی کرتے ہوئے روایتی اے، بی، سی اور ڈی کیٹیگریز کے بجائے فارمیٹ کی بنیاد پر 5 ٹریکس متعارف کروائے ہیں۔ نئے نظام کے تحت کھلاڑیوں کے لیے فٹنس اور میڈیکل ٹیسٹ کے علاوہ ڈومیسٹک کرکٹ میں مخصوص شرکت اور کارکردگی کے معیار پر پورا اترنا بھی ضروری ہے۔

وہ 10 اوورز نہیں کرسکتا، گمبھیر نے ہارڈک پانڈیا کی ٹیم میں واپسی کا امکان مسترد کردیا

ہارڈک پانڈیا کی عدم موجودگی میں نتیش کمار ریڈی نے خود کو ایک قابل اعتماد متبادل کے طور پر ثابت کیا ہے، ہیڈ کوچ

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر نے کہا ہے کہ ہارڈک پانڈیا کو مکمل میچ فٹنس ثابت کیے بغیر انٹرنیشنل کرکٹ میں واپس لانے میں جلد بازی نہیں کی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق ہارڈک پانڈیا 2026 کی آئی پی ایل کے بعد پہلی بار ایکشن میں واپسی کے لیے آسٹریلیا اے کے خلاف ون ڈے میچز کے لیے بھارت اے اسکواڈ میں شامل کیا گیا ہے۔ گمبھیر کے مطابق ہارڈک کی عدم موجودگی میں نتیش کمار ریڈی نے خود کو ایک قابل اعتماد متبادل کے طور پر ثابت کیا ہے۔ ریڈی نے افغانستان کے خلاف تین میچز کی ٹی ٹوئنٹی سیریز میں مجموعی طور پر 6 وکٹیں حاصل کیں اور دونوں ٹیموں میں سب سے زیادہ وکٹیں لینے والے بولر رہے۔ گمبھیر نے کہا کہ جنوبی افریقا میں آئندہ برس ہونے والے ورلڈکپ کے لیے سیم بولنگ آل راؤنڈرز انتہائی اہم ہوں گے اور اگر دونوں کھلاڑی مکمل فٹ ہوں تو بھارت ایک ہی پلیئنگ الیون میں ہارڈک اور نتیش کو شامل کرنے پر بھی غور کرسکتا ہے۔ ہیڈ کوچ نے کہا کہ کیونکہ وہ ابھی 10 اوورز نہیں کرسکتا اور آئی پی ایل کے بعد سے زیادہ کرکٹ بھی نہیں کھیل سکا ہے تو ہم انہیں واپس لانے کے لیے جلدی نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہارڈک اگر بھارت اے کے میچز میں اپنی فٹنس ثابت کرتے ہیں تو اس کے بعد انہیں دوبارہ ٹی ٹوئنٹی اور ون ڈے اسکواڈ کا حصہ بنایا جاسکتا ہے۔ گمبھیر کے مطابق ہارڈک کی عدم موجودگی میں نتیش کمار ریڈی نے خود کو ایک قابل اعتماد متبادل کے طور پر ثابت کیا ہے۔ ریڈی نے افغانستان کے خلاف تین میچز کی ٹی ٹوئنٹی سیریز میں مجموعی طور پر 6 وکٹیں حاصل کیں اور دونوں ٹیموں میں سب سے زیادہ وکٹیں لینے والے بولر رہے۔

پاکستان کے عبدالرحمٰن نے عالمی ہاکی اسکل ایوارڈ جیت لیا

شائقین کی ووٹنگ میں 44 فیصد ووٹ حاصل کیے، ویلز کیخلاف شاندار تھری ڈی اسکوپ پر اعزاز اپنے نام کیا

لاہور (این این آئی) عالمی ہاکی فیڈریشن (ایف آئی ایچ) کے تحت بالینڈ اور بیلجیئم میں اختتام پذیر ہونے والے ایف آئی ایچ ہاکی ورلڈ کپ 2026ء کے بعد عالمی سطح پر شائقین ہاکی کی جانب سے کی گئی ووٹنگ کے نتیجے میں پاکستان کے ابھرتے ہوئے کھلاڑی عبدالرحمن کو "پولی گراس میجک اسکل ایوارڈ" کا فاتح قرار دیا گیا ہے۔ عبدالرحمن نے یہ عالمی اعزاز ویلز کے خلاف میچ میں اپنے شاندار اور حیران کن تھری ڈی اسکلز کے مظاہرے پر حاصل کیا۔ انہوں نے بال کو ہوا میں کنٹرول کرتے ہوئے حریف ٹیم کے 4 ڈیفنڈرز کو چکمہ دیا اور شاندار گول اسکور کیا۔ اس شاندار گول کو دنیا بھر کے ہاکی شائقین کی جانب سے بے حد سراہا گیا اور انہوں نے 44 فیصد ووٹ حاصل کر کے پہلی پوزیشن حاصل کی، جبکہ کینٹن میلایل 39 فیصد ووٹوں کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہے۔ ایف آئی ایچ کے گلوبل سپلائر "پولی گراس" کی جانب سے دیے جانے والے اس معتبر ایوارڈ کے لیے دنیا بھر سے 6 بہترین لمحوں (3 مرد اور 3 خواتین) کو شارٹ لسٹ کیا گیا تھا، جس پر 4 سے 13 ستمبر تک عالمی سطح پر ووٹنگ کروائی گئی۔ خواتین کے شعبے میں ہندوستان کی گول کیپر بچو دیوی کاریام 52 فیصد ووٹ لے کر فاتح قرار پائیں۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین احمد وانی نے عبدالرحمن کو اس شاندار عالمی کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ ان کی یہ کامیابی پاکستان میں ہاکی کے نئے اور نوجوان کھلاڑیوں کے لیے مشعل راہ ثابت ہوگی۔

ایچ بی ایل پی ایس ایل کرکٹ ڈویلپمنٹ ایکسیلینس ایوارڈ دینے کا طریقہ کار واضح کردیا گیا

ایوارڈ جیتنے والی ایک ایچ بی ایل پی ایس ایل فرنچائز کو دو لاکھ ڈالرز انعام دیا جائے گا، رپورٹ

لاہور (این این آئی) ایچ بی ایل پی ایس ایل کرکٹ ڈویلپمنٹ ایکسیلینس ایوارڈ دینے کا طریقہ کار واضح کردیا گیا، ایوارڈ جیتنے والی ایک ایچ بی ایل پی ایس ایل فرنچائز کو دو لاکھ ڈالرز انعام دیا جائے گا۔ پی سی بی حکام کے مطابق ایوارڈ دینے کا مقصد پی ایس ایل فرنچائزز کی کرکٹ اور پلیئر ڈویلپمنٹ کام کی حوصلہ افزائی کرنا ہے، پہلے ایچ بی ایل پی ایس ایل کرکٹ ڈویلپمنٹ ایکسیلینس ایوارڈ کے لیے پی ایس ایل 3 سے 11 تک کا ڈویلپمنٹ کام جانچا جائے گا، اگلے سال سے اس ایوارڈ کے لیے پچھلے ایک سال کی پلیئر اور کرکٹ ڈویلپمنٹ کارکردگی دیکھی جائے گی۔ پی سی بی ایوارڈ جیتنے والی فرنچائز کے تعین کے لیے ایک کمیٹی بنائے گا، پہلے مرحلے میں پی ایس ایل کی طرف سے بنائے گئے فریم ورک کے تحت فرنچائزز اپنی سکورنگ خود کریں گی، فرنچائزز کے سکورز کی ڈویلپمنٹ کے ثبوتوں کے ساتھ جانچ پڑتال کمیٹی کرے گی۔ حکام کے مطابق پانچ رکنی کمیٹی ہر فرنچائز کی جانب سے پلیئر ڈویلپمنٹ اور کرکٹ ڈویلپمنٹ کے اقدامات اور پراجیکٹس کا باریک بینی سے جائزہ لے گی، کمیٹی پانچ مختلف پیرامیٹرز کے مطابق فرنچائزز کے ڈویلپمنٹ کام کی جانچ پڑتال کرے گی، پہلا پیرامیٹر پلیئر پاتھ وے اور ڈویلپمنٹ ہوگا جس کا فائنل سکور میں 25 فیصد تناسب ہوگا، دوسرا پیرامیٹر اپنی فرنچائز سے کھیلتے ہوئے امپیکٹ اور میچ کانٹری بیوشن کا ہوگا، اس کا تناسب 10 فیصد ہوگا، تیسرے پیرامیٹر کا تناسب فائنل سکور میں 15 فیصد ہوگا اور جو کہ فرنچائزز کے بائی پرفارمنس انفراسٹرکچر اور ڈویلپمنٹ میں ٹیکنالوجی کے استعمال کی جانچ کرے گا، چوتھا پیرامیٹر گراس روٹ لیول اور فرنچائزز کی جانب میچز اور ویمنز ڈومیسٹک کرکٹ کی سرگرمیوں سے متعلق ہوگا، اس کا تناسب 20 فیصد ہوگا، پانچواں پیرامیٹر پلیئر ویلفیئر اور پلیئر ایجوکیشن کی جانچ کرے گا، اس کا تناسب 10 فیصد ہوگا۔ 80 فیصد سکور کا تعین ان پانچ پیرامیٹرز سے ہوگا جبکہ بقیہ 20 فیصد سکور فینز کی ووٹنگ کے ذریعے کیا جائے گا

مداح کا پاؤں گاڑی تلے آنے پر سلمان خان ڈرائیور پر برہم، ویڈیو وائرل

ڈرائیور نے ہجوم کے درمیان سے گاڑی آگے بڑھانے کی کوشش کی تو ایک مداح کا پاؤں گاڑی کے نیچے آگیا

ممبئی (آن لائن) بالی ووڈ کے معروف اداکار سلمان خان گنپتی کی تقریبات میں شرکت کے لیے سیاسی رہنما آشیش شیلار کی رہائش گاہ پہنچے جہاں مداحوں کی بڑی تعداد نے انہیں گھیر لیا۔ اس دوران ہجوم میں گاڑی نکالتے ہوئے ایک مداح کا پاؤں گاڑی کے نیچے آگیا جس پر سلمان خان اپنے ڈرائیور پر برہم ہوگئے۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ سلمان خان کی گاڑی کے گرد بڑی تعداد میں مداح موجود ہیں جبکہ سکیورٹی اہلکار ہجوم کو قابو کرنے اور گاڑی کے لیے راستہ بنانے کی کوشش کررہے ہیں۔ ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ ڈرائیور نے ہجوم کے درمیان سے گاڑی آگے بڑھانے کی کوشش کی تو ایک مداح کا پاؤں گاڑی کے نیچے آگیا جس کے بعد متاثرہ شخص کو تکلیف میں دیکھا گیا۔ موقع پر موجود پاپارازی نے ڈرائیور سے گاڑی تھوڑی پیچھے کرنے کی درخواست بھی کی۔ اس صورتحال پر سلمان خان بظاہر غصے میں آگئے اور ڈرائیور کو ڈانٹنے کے ساتھ اس کے ہاتھ پر بھی ہاتھ مارتے نظر آئے۔ بعد ازاں انہوں نے ڈرائیور کو گاڑی ہجوم سے دور لے جانے کی ہدایت کی۔ ویڈیو سامنے آنے کے بعد سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے سلمان خان کے اس رویے پر ملے جلے ردعمل کا اظہار کیا گیا۔ بعض صارفین نے اداکار کے اقدام کو درست قرار دیتے ہوئے کہا کہ انہوں نے مداح کو مزید نقصان سے بچانے کے لیے مداخلت کی جبکہ کچھ صارفین نے ڈرائیور کو ہاتھ مارنے پر سلمان خان کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ اس سے قبل بھی گنپتی درشن کے موقع پر مداحوں کے بے قابو ہجوم کے باعث سلمان خان کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ مختلف ویڈیوز میں اداکار کو ہاتھ جوڑ کر مداحوں سے راستہ دینے کی درخواست کرتے دیکھا گیا۔ اسی دوران ایک بچہ بھی سلمان خان کے قریب پہنچا جس سے اداکار نے ہاتھ ملایا۔ سلمان نے سکیورٹی اہلکاروں کو بچے کو پیچھے دھکیلنے سے روکا اور اس بات کو یقینی بنایا کہ بچہ بحفاظت ہجوم سے باہر نکل جائے۔

حنا دلپذیر 'بلبلے' میں صرف ایک قسط کے لیے آئی تھیں، عائشہ عمر

'بلبلے' جب 2009 میں نشر ہوا تو اس کی کہانی اور کردار آج کے شو سے بالکل مختلف تھے

پاکستانی اداکارہ عائشہ عمر نے انکشاف کیا ہے کہ مقبول کامیڈی ڈرامہ 'بلبلے' میں حنا دلپذیر کا مشہور کردار مومو ابتدا میں مستقل کردار نہیں تھا بلکہ انہیں صرف ایک قسط کے لیے مہمان اداکار کے طور پر بلایا گیا تھا۔ عائشہ عمر نے ہدہد کو 'گڈ مارننگ پاکستان' میں گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ 'بلبلے' جب 2009 میں نشر ہوا تو اس کی کہانی اور کردار آج کے شو سے بالکل مختلف تھے۔ ابتدائی طور پر کاسٹ میں نبیل ظفر، عائشہ عمر اور محمود اسلم شامل تھے اور پہلے 26 اقساط ہی بنانے کا منصوبہ تھا۔ ان کے مطابق حنا دلپذیر کو نبیل کی والدہ کا کردار ادا کرنے کے لیے ایک قسط میں بلایا گیا، تاہم مومو کا کردار ناظرین میں اتنا مقبول ہوا کہ اس قسط کو غیر معمولی پذیرائی اور ریٹنگز ملیں، جس کے بعد حنا دلپذیر کو مستقل کردار کے طور پر شامل کرلیا گیا۔ عائشہ عمر نے بتایا کہ حنا دلپذیر کی شمولیت کے بعد کہانی میں بھی بڑی تبدیلی آئی۔ ابتدا میں تینوں مرکزی کردار ایک اپارٹمنٹ میں ایک ہی چھت تلے رہتے تھے اور شادی کا کوئی تصور نہیں تھا، لیکن مومو کی آمد کے بعد نبیل اور خوبصورت کی شادی ہوئی، پھر مومو کی محمود صاحب سے شادی ہوگئی اور یوں کہانی ایک خاندان کے گرد گھومنے لگی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ وہ خود بھی 'بلبلے' کو طویل عرصے تک جاری رکھنے کے ارادے سے شامل نہیں ہوئی تھیں کیونکہ ان کی والدہ کو ان کے کردار سے کچھ تحفظات تھے تاہم حنا دلپذیر کی شمولیت کے بعد انہوں نے شو میں رہنے کا فیصلہ کیا۔ عائشہ عمر نے ہدہد کو 'گڈ مارننگ پاکستان' میں گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ 'بلبلے' جب 2009 میں نشر ہوا تو اس کی کہانی اور کردار آج کے شو سے بالکل مختلف تھے۔ ابتدائی طور پر کاسٹ میں نبیل ظفر، عائشہ عمر اور محمود اسلم شامل تھے اور پہلے 26 اقساط ہی بنانے کا منصوبہ تھا۔ ان کے مطابق حنا دلپذیر کو نبیل کی والدہ کا کردار ادا کرنے کے لیے ایک قسط میں بلایا گیا۔

TENDER NOTICE

Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. The Executive Engineer, Urban Planning & Development Department ,Quetta Division Quetta invites the electronic tenders based on Composite Schedule of Rates 2026, Government of Balochistan, amended up-to-date from interested Contractors / Firm who have the renewal for the year 2025-26, for the following works:

S.#	Name of Works.	E/Cost
01	CONSTRUCTION & IMPROVEMENT DRAIN , ROAD, STREET LIGHT, CULVERT AND TUFF TILE , SEWERAGE & PROTECTION WALL AT KILLI KHALI AND WESTERN BYPASS, KILLI AMIN ABAD WESTERN BY PASS, KHAROT ABAD QTA, KILLI BAHADUR ABAD BAROWRI , KILLI SHAHEED RAMZAN WESTERN BY PASS and AT KILLI SADAT KIRANI QUETTA **(TSE-2627091194263)**	104,475,000
02	CONST OF BT ROAD,SEWERAGE LINE, TUFF TILE AND STREET LIGHTS AT JATTOI MOHLLAH,CONSTT OF SEWERAGE LINES IN VARIOUS AREAS AND CONSTT OF PROTECTION AT FUNERAL PLACES IN VARIOUS AREAS OF QUETTA **(TSE-2627091194283)**	49,750,000
03	PROVISION OF SOLAR HOME SYSTEM AZTA PASHTOONBAD AREAS QUETTA (PSDP NO 5418/ Z2026.1907) **(TSE-2627091194303)**	41,790,000
04	WSS AND SOLARIZATION OF TUBE WELLS IN QUETTA **(TSE-2627091194383)**	49,750,000

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014 amended up to date. **BASIC ELIGIBILITY:** The Firm/ Contractors must have valid registration with Pakistan Engineering Council also renewed upto date in relevant Category. Firms (Single Entity) having valid registration with Pakistan Engineering Council (PEC) in the Category C-4 and 5 or above and the relevant Specialized code. The firm must register in Balochistan Revenue Authority and presence in active tax payer list (ATL) Valid Registration with Income Tax & Presence in Active Tax Payer List in FBR (ATL) Turnover at least of last three years. The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work. The bids must accompany Bid Security in the form of Call Deposit or Bank Guarantee of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. Other Mandatory conditions and Detail Criteria mentioned in the Bidding Documents. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage-Two Envelope Procedure. **ISSUANCE:** The firms/contractors can also download the bidding documents from the BPPRA website at www.bppra.org.pk The tender processing fee of Rs. 2500/-& 2000/- each tender fee must be deposited in the government treasury under the head of account C-03870 through the Green Challan Form at the National Bank of Pakistan (NBP). **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 5th October-2026 till 09:00 AM through supplier dashboard **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 10:00 PM on EPPS System. Place of issuance and submission will be: Place of issuance and submission will be: - Address: Office of the Executive Engineer Urban Planning & Dev: Department, Quetta Division Quetta. Bid Validity Period: Ninety (90) Days.

EXECUTIVE ENGINEER
Urban Planning & Dev: Department Quetta Division Quetta

DPRQ/PRQ No.1444/18-9-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgprbalochistan